# 21817 ـ اصحاب كهف هی اصحاب رقیم هیں

**سوال**

كيا اصحاب كہف ہی اصحاب رقيم ہيں يا كہ وہ كوئ اور قوم ہيں ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ تعالی كا فرمان ہے :

كيا تواپنے خيال ميں غاراوركتبے والوں كوہماری نشانيوں ميں سے كوئ عجيب نشانی سمجھ رہا ہے الكہف ( 9 )

شيخ شنقيطی رحمہ اللہ تعالی اس آيت كی تفسير ميں كہتے ہيں :

معلوم تويہی ہوتا ہے كہ كہ غار اوركتبے والے ايک گروہ ہے جس كی اضافت دوچيزوں كی طرف كی گئ ہے جن ميں سے ايک كا دوسرے پر عطف ہے ، اورجولوگ يہ كہتے ہيں كہ اصحاب كہف ايک گروہ اوراصحاب رقيم ( كتبے والے) اورگروہ ہے تويہ صحيح نہيں ـ

اللہ تبارک وتعالی نے اس سورۃ ميں اپنے نبی صلی اللہ عليہ وسلم پر اصحاب كہف كا قصہ تو بيان كيا ہے ليكن اصحاب رقيم كے متعلق كچھ بھی ذكر نہيں كيا اورپھر يہ بھی خلاف واقع بات ہے كہ كچھ لوگ يہ خيال كرتے ہيں كہ اصحاب كہف وہ تين اشخاص تھے جو كہ غار ميں گئے تو ايک چٹان كی وجہ سے ان پر غاركا دھانہ بند ہوگيا اورانہوں نے اپنے اعمال صالحہ كووسيلہ بنا كراللہ تعالی سے دعا مانگی ـ

وہ تين يہ ہيں والدين كے ساتھ نيكی اوراحسان كرنے والا ، عفت وعصمت اختياركرنےوالا ، اور تاجر ، ان كا قصہ معروف مشہور ہے اورصحيح بخاری ميں ثابت ہے ، ليكن اس آيت كی تفسير ميں كہنا كہ اس سے يہی مراد ہيں يہ كہنا توبہت ہی بعيد ہے ـ

آپ كومعلوم ہونا چاہيے كہ اصحاب كہف كے نام اور زمين ميں كہاں تھے اس كے بارہ ميں قرآن مجيد نے جوكچھ بيان كيا ہے اس سے زائد نبی صلی اللہ عليہ وسلم سے كچھ بھی ثابت نہيں ، اورمفسرين نے اس كے بارہ ميں بہت سے اقوال بيان كيے ہيں جوسب كے سب اسرائيلی روايات ہيں جن كے پايہ ثبوت نہ پہنچنے كی بنا پر ہم نے انہيں

بیان نہیں کیا ۔

واللہ تعالی اعلم .